**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 10.01.2025**

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان کے مستحق طلباء وطالبات کی اعلی تعلیم تک رسائی یقینی بنائینگے گورنر بلوچستان۔ | 01 |
| جنگ ودیگراخبارات | ریاست کی رٹ کوچیلنج کرنے کے واقعار کوبرداشت نہیں کیا جائیگا،شعیب نوشیروانی۔ | 02 |
| جنگ ودیگراخبارات | پی پی ایل حبکو پی ایم ڈی سی سمیت 40 سے زائد انڈسٹریز کوایک ہفتے کاالٹی میٹم۔ | 03 |
| مشرق ودیگراخبارات | دہشتگردی کاعوام متحد ہوکر مقابلہ کرینگے، سردار کوہیار ڈومکی۔ | 04 |
| جنگ ودیگراخبارات | دہشتگردی کے خلاف پوری قوت کے ساتھ کھڑے ہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | 05 |
| مشرق ودیگراخبارات | حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کاموں سے عوام مستفید ہورہے ہے،محمد خان لہڑی۔ | 06 |
| جنگ ودیگراخبارات | جی ڈی اے سرمایہ کاری کیلئے ضامن کے طور پرکام کررہی ہے، ڈی جی۔ | 07 |
| جنگ ودیگراخبارات | حب میں نئے جوڈیشل کمپلیکس کی تعمیر جلد شروع کی جائے، چیف جسٹس بلوچستان۔ | 08 |
| جنگ ودیگراخبارات | سنجدی طگیس دھماکے سے کان بیٹھ گئی 12 کانکن پھنس گئے۔ | 09 |
| انتخاب ودیگراخبارات | زہری واقعے کی شفاف تحقیقات ذمہ داروں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے حکومت بلوچستان۔ | 10 |
| جنگ ودیگراخبارات | سریاب ٹریفک پولیس نے 16 غیرقانونی رکشے قبضے میں لے لئے۔ | 11 |
| جنگ ودیگراخبارات | نیوگوادرانٹرنیشنل ایئرپورٹ سے پہلی پرواز کی آج مسقط روانگی متوقع۔ | 12 |
| جنگ ودیگراخبارات | کئی ممالک بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے آمادہ بلال کاکڑ۔ | 13 |
| جنگ ودیگراخبارات | ڈھاڈر وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کھلی کچہری کاانعقاد لوگوں نے شکایت کے انبار لگادیئے۔ | 14 |
| جنگ ودیگراخبارات | حکومتی احکامات کے تحت سمگلنگ کی اجازت کسی کونہیں آئی جی ایف سی ساؤتھ۔ | 15 |
| جنگ ودیگراخبارات | ایران کابلوچستان میں نیادارالحکومت بنانے کا اعلان۔ | 16 |
| جنگ ودیگراخبارات | جے یوآئی نے صوبوں میں مدارس کی رجسٹریشن کیلئے بل کامسودہ تیار کرلیا۔ | 17 |
| جنگ ودیگراخبارات | حکمران کھربوں روپے کے قرضے پشتونخواوطن کی دولت سے ادا کرنا چاہتے ہیں، خوشحال کاکڑ۔ | 18 |

## امن وامان:

چمن سے منشیات فروش جعلی کرنسی سمیت گرفتار، خضدار میں تاجر کوڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پرلوٹ لیا، خاران صوبائی وزیرخزانہ شعیب نوشیروانی کے گھر پردستی بم حملہ مستونگ میجر چوک نامعلوم افراد کی فائرنگ پھل فروش قتل، شیخ ماندہ یارڈ سے تل کی بوریاں چرانے والے دو بھائی ہاتھوں گرفتار۔

## عوامی مسائل:

صوبائی دارلحکومت میں اکثر قصاب دکانوں میں جانور ذبح کرنے لگے، متعلقہ حکام خاموش، دکانوں کے آگے گاڑیوں کی مرمت ڈبل روڈ عملاً گیراج میں تبدیل، ڈیڑھ سال گزر گیا گرین بس منصوبے کا دوسرا مرحلہ شروع نہ ہوسکا۔

CamScanner

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**حکومت بلوچستان شعبہ صحت میں اصلاحات کیلئے پرعزم !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر وائس مارشل (ر) آفتاب حسین سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان شعبہ صحت میں اصلاحات لارہی ہے۔ بلوچستان میں صحت کے نظام کو بہتر بنایا جارہا ہے اس مقصد کیلئے پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت معیاری طبی سہولیتں فراہم کرنے جارہے ہیں۔ جس سے عام بلوچستانی کی اس کی و ہلیز پر معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ مفاد عامہ کے امور میں سرکاری اور غیر درکاری اداروں کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ ملاقات کے دروان سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر وائس مارشل (ر) آفتاب حسین نے بلوچستان میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی سنجیدگی اور پختہ عزم کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ سندس فاؤنڈیشن بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں اپنی خدمات بڑھانے کے لئے تیار ہے۔ وزیراعلیٰ نے سندس فاؤنڈیشن کی خدمات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس فاؤنڈیشن نے خون کی بیماریوں کے علاج میں قابل ذکر کام کیا ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ انتخاب حب کوئٹہ نے "**ریکوڈک 15فیصد شیئر ،سعودیہ کو فروخت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "IT ,AI & Digital Economy in Balochistan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

رروزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Scourage of Highway closure" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان کے آثار قدیمہ خطے کے امیر ثقافتی ورثے کی نقاب کشائی** " کے عنوان سے یونس گنگو خضدار کا مضمون تحریر کی ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 10 JAN 2025 Page No. 1

ullet No. 1

# بلوچستان کے مستحق طلباء و طالبات کی اعلیٰ تعلیم تک رسائی یقینی بنائینگے، گورنر

## حکومت بلوچستان کی بیف اسکالرشپ اسکیم پڑھے لکھے بلوچستان اور روشن مستقبل کی جانب پیش رفت ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کا صوبے بھر بالخصوص پسماندہ اضلاع کے ہونہار اور مستحق طلباء و طالبات کیلئے اسکالرشپ اسکیم ایک انقلابی پروگرام ہے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی جانب سے تعلیم کے فروغ اور صوبے کے غریب طلبا و طالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کر کے بااختیار بنانے کی کاوشیں خوش آئند ہیں۔ طلبا و طالبات بیف کی تعلیم دوست اسکیموں سے بھرپور استفادہ کریں ہم بلوچستان کو ایسا روشن مستقبل دینگے جہاں تمام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی حاصل ہو اور ہر شہری عزت اور خوشحالی کے ساتھ زندگی گزار سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں حکومت بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی نئی تعلیمی اسکیموں اور ادارے کی کارکردگی سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بیف کے چیف ایگزیکٹو افسر محمد ذکریا نورزئی نہیں گورنر بلوچستان کو بریفنگ دی اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، ایڈیشنل سیکرٹری فنانس یاسر حسین اور نجیب اللہ سرپرہ بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بیف کا مقصد صوبے کے غریب، یتیم اور سویلین شہداء کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کیلئے مواقع فراہم کرنا ہے۔ صوبے کے مستحق طلباء کو ضرورت مگر میرٹ پر وظائف فراہم کئے جارہے ہیں بیف اسکالرشپ محض مالی امداد نہیں بلکہ پڑھے لکھے بلوچستان اور روشن مستقبل کی جانب پیش رفت ہے۔ ہم اپنے نوجوانوں کی صلاحیتوں پر یقین رکھتے ہیں اور آنے والے کل کو بہتر بنانے کی خاطر ان کی تخلیقی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی ترقی یافتہ اقوام کی ترقی کا راز بھی تعلیم ہی ہے تعلیم نئی نسل کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے، ترقی کے عمل کو مزید آگے بڑھانے اور ایک روشن مستقبل کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بلوچستان میں ہر بچے کو معیاری تعلیم تک رسائی حاصل ہو، خواہ اس کے خاندانی پس منظر یا مالی حالات کچھ بھی ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 10 JAN 2025 Page No. 3


# حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کاموں سے عوام مستفید ہو رہے ہیں محمد خان لہڑی

## مخالفین کے کھوکھلے نعروں اور سبز باغ دکھانے کی پالیسی فلاپ ہو چکی ہے ، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن

## عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں ،وفود سے بات چیت

نصیر آباد (نامہ نگار) رکن بلوچستان اسمبلی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس حاجی میر محمد خان لہڑی نے کہا ہیکہ اپنے حلقہ انتخاب پی بی 14 تمبو میں ریکارڈ ترقیاتی کاموں سے عوام مستفید ہو رہے ہیں بلخصوص تنقید کرنے والے جو کہ روزانہ کی بنیاد پر ڈیرہ مراد جمالی سے منجھو شوری۔ خان کوٹ اور فیض آباد روڈ پر سفر کر رہے ہیں مخالفین کے کھوکھلے نعروں اور سبز باغ دکھانے کی پالیسی فلاپ ہو چکی ہے ابھی سے عوام مایوسی کا شکار ہو گئے ہیں ہمارے ترقیاتی اسکیمات سب کے سامنے عیاں ہیں عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے کی تعمر و ترقی اور خوشحالی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں جس کے لیے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس میں مختلف عوامی وفود اور صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی۔ کسان زمیندار اتحاد کے صدر حاجی دین محمد بنگلزئی۔ وڈیرہ ترک علی لہڑی۔ حاجی عبدالغفار پندرانی۔ حاجی رستم خان پندرانی۔ صوف دوست محمد پندرانی سمیت دیگر معززین اور معتبرین بھی موجود تھے۔ رکن بلوچستان اسمبلی حاجی میر محمد خان لہڑی نے کہا کہ عہدہ اور کرسی عوام کی امانت ہے اس میں کبھی بھی خیانت نہیں کرینگے انھوں نےکہا کہ زرعی یونیورسٹی۔ میڈیکل کالج۔ پٹ فیڈر کینال کی لائننگ ہمارے ماضی کے دور حکومت کی میگا منصوبے ہیں انھوں نے کہا کہ ہم نے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے سینکڑوں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیئے صحت تعلیم۔ زراعت۔ آبنوشی اور آبپاشی کے نظام میں بہتری لانے کے لیے اقدامات کو یقینی بنایا گیا ہے اپنے حلقہ انتخاب میں مختلف چھوٹے بڑے سڑکوں کے ساتھ پلوں کی تعمیرات اور پینے کے پانی کی سہولیات کیلئے واٹر سپلائی کا نظام اور فلٹریشن پلانٹس۔ بجلی کیلئے نئے ٹرانسفارمرز کی تنصیبات سمیت کمیونٹی سینٹرز تعمیر کروایا گیا انھوں نے کہا کہ عوام کی معیار زندگی میں بہتری لانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی نصیر آباد کی ترقی اور خوشحالی ہمارا منشور کا حصہ ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 — Dated: 10 JAN 2025 — Page No. 5


## زہری واقعے کی شفاف تحقیقات ذمہ داران کیخلاف سخت کارروائی کی جائے حکومت بلوچستان

**قانون نافذ کرنیوالے ادارے صورتحال کی مکمل نگرانی کررہے ہیں، امن وامان برقرار رکھنے کیلئے اقدامات مزید سخت کردیئے، حکومتی ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے زہری واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ حکومتی ترجمان نے کہا ہے کہ عوام کے تحفظ اور ریاستی رٹ کی بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ زہری واقعہ پر مقامی انتظامیہ کی جانب سے فوری ردعمل نہ دینے کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ داخلہ نے سول انتظامیہ کو متحرک کرنے اور کوتاہیوں کے تدارک کے احکامات جاری کئے ہیں، ترجمان نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے صورتحال کی مکمل نگرانی کررہے ہیں اور امن وامان برقرار رکھنے کے لئے پورے صوبے میں اقدامات کو مزید سخت کردیا گیا ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر تحقیقات کی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ جلد از جلد اصل حقائق سامنے لائے جاسکیں محکمہ داخلہ نے عوام کو یقین دہانی کرائی ہے کہ پورے صوبے میں ریاست کی رٹ قائم ہے اور کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غیر ذمہ داری کو برداشت نہیں کیجائے گی۔ ترجمان کے مطابق حکومت تمام اضلاع میں سول انتظامیہ کی کارکردگی کو مزید بہتر کرنے کے لئے اقدامات اٹھارہی ہے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کا سدباب کیا جاسکے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق اس واقعہ کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔


MASHRIQ QUETTA


## حکومتی احکامات کے تحت سمگلنگ کی اجازت کسی کو نہیں، آئی جی ایف سی ساؤتھ

**بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں رہنے والے افراد کو ایک میکنزم کے تحت کاروبار کی اجازت دے رہے ہیں**

**بلوچستان سے تیل کراچی، لاہور اور ملک کے دیگر بڑے شہروں میں سمگلنگ کیا جاتا تھا، میجر جنرل بلال سرفراز**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل بلال سرفراز خان نے دالبندین میں قبائلی عمائدین سے تعارفی ملاقات کرتے ہوئے کہا ضلع چاغی ایک پرامن ضلع ہے یہاں کے لوگوں نے ہمیشہ پاک فوج کے ساتھ تعاون کیا ہے ایف سی ساؤتھ بلوچستان بھی علاقے میں صحت، تعلیم، اسپورٹس سمیت ہر شعبے میں تعاون کررہی ہے انھوں نے مزید کہا پاک افغان اور پاک ایران بارڈرز ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پر سمگلنگ کو بارڈر ٹریڈ نہیں کہاں جاسکتا ہے سرحدی لوگوں کے لیئے ایک میکنزم کے تحت کاروبار کی اجازت دے رہے ہیں مگر ضلع سے باہر سمگلنگ کی اجازت کسی کو نہیں دے سکتے ہیں حکومت نے سخت پابندی عائد کی ہے جس سے ملکی معیشت اثر انداز ہوتا ہے ضلع کے لوگوں کو فیول کی کھپت 2 ملین لیٹر ہے مگر یہاں سے 24 ملین لیٹر سمگلنگ ہوتا تھا تیل کراچی، لاہور اور ملک کے دیگر بڑے شہروں میں سمگلنگ کیا جاتا تھا انھوں نے مزید کہا علاقے کے لوگوں کے لیئے ٹوکن سسٹم رائج کیا گیا مگر حقداروں کی بجائے ایک ایک گھر میں پچاس پچاس ٹوکن بنایا گیا جس سے اصل حقداروں کے ساتھ حق تلفی ہوئی ہے

## کوئٹہ سول ہسپتال میں 2 ارب سے زائد کی بے قاعدگیاں سامنے آئی ہیں، محمد عبدالقادر

**پانچ برسوں میں ہسپتال کے مین اسٹور سے 2 کروڑ 28 لاکھ کی ادویات غائب ہوئیں، سینیٹر**

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی ناک کے نیچے کوئٹہ سول ہسپتال میں 2 ارب روپے سے زائد کی بے قاعدگیاں سامنے آئی ہیں لیکن اتنی بڑی کرپشن کے بعد بھی کسی کے خلاف کوئی انکوائری ہوئی مقدمہ درج ہوا نہ کوئی تادیبی کارروائی عمل میں لائی گئی سول ہسپتال کے 2017-22 .......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کے آڈٹ میں دو ارب سے زائد کی بے قاعدگیوں کا انکشاف ہوا ہے پانچ برسوں میں ہسپتال کے مین اسٹور سے 2 کروڑ 28 لاکھ کی ادویات غائب ہوئیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ادویات کی خریداری میں ایک ارب 85 کروڑ روپے کی بے قاعدگیاں ہوئیں جبکہ پانچ برسوں میں اسپتال کے مین اسٹور سے 2 کروڑ 28 لاکھ کی ادویات غائب ہوئیں۔ دل کے مرض کیلئے اسٹنٹ کی تین کروڑ 17 لاکھ کی مشکوک خریداری سامنے آئی، لوکل پرچیز میں چار کروڑ روپے اور آکسیجن پلانٹ کے ٹینڈرز میں ڈیڑھ کروڑ سے زائد کی بے قاعدگیاں ہوئیں۔ سول اسپتال کو آکسیجن سلنڈر کی غیر ضروری کھپت سے چھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا۔ اسکے علاوہ وردی، فرنیچر اور مشینری کی خریداری میں 6 کروڑ 18 لاکھ کی بے قاعدگیاں سامنے آئیں


Century Express Quetta


## کئی ممالک بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے آمادہ، بلال کاکڑ

**اسلام آباد میں رواں ماہ کے آخری ہفتے میں بلوچستان بزنس سمٹ ہوگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں بہت سے ممالک نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے آمادگی ظاہر کی ہے، اسلام آباد میں رواں ماہ کے آخری ہفتے بلوچستان بزنس سمٹ منعقد کیا جارہا ہے، جس میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار سفارتی مندوبین وفاقی وصوبائی حکومت کے (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

نمائندے شریک ہونگے، یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب ایکسپریس نیوز اور سینچری ایکسپریس کے دفاتر کے موقع پر بیورو چیف و کوئٹہ پریس کلب کے سابق صدر رضاء الرحمٰن سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر خلیل احمد بھی موجود تھے۔ بلال خان کاکڑ نے دورے کے موقع پر سرمایہ کاری بورڈ کی کارکردگی سے متعلق بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کے مواقع سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے انہیں اس جانب راغب کررہا ہے۔ حکومت کی کوششوں کے نتیجے میں جرمنی، چین اور حکومت پنجاب نے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے آمادگی ظاہر کی ہے جبکہ دیگر ممالک کے سرمایہ کار بھی رابطے میں ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ بورڈ نے سرمایہ کاری کے مواقعوں کے حوالے سے فیڈریشن چیمبر آف کامرس کے تعاون سے کراچی میں ایک سیمینار منعقد کیا اور اس تسلسل کو آگے بڑھاتے ہوئے 27 اور 28 جنوری کو اسلام آباد میں بلوچستان بزنس سمٹ کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار سفارتی مندوبین وفاقی وصوبائی حکومت کے نمائندے شریک ہونگے، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے اس بزنس سمٹ سے صوبے میں سرمایہ کاری کی نئی راہیں کھلیں گی۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 JAN 2025 Page No. 6

# ڈھاڈر، وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کھلی کچہری کا انعقاد، لوگوں نے شکایت کے انبار لگا دیئے

شرکاء نے جن بنیادی اور اہم مسائل کی نشاندھی کی ہے وہ انتہائی اہم اور سنجیدہ نوعیت کے حامل ہیں، ڈی سی

**کھلی کچہریوں کا مقصد بنیادی مسائل عوامی مشکلات سے آگاہی، جوابدہی کے عمل کو یقینی بنانا ہے، جہانزیب لانگو**

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) مہذب معاشروں میں باہمی زمداریوں کے تعین اور روابط کے زریعے مسائل کا حل تلاش کرنا ضروری ہے ڈپٹی کمشنر کچھی۔ کھلی کچہریوں کا مقصد بنیادی مسائل عوامی مشکلات سے آگاہی اور جوابدہی کے عمل کو یقینی بنانا ہے۔ جہانزیب لانگو کا کھلی کچہری سے خطاب وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایت ڈی سی آفس کے سبزہ زار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف صوبائی اور وفاقی محکموں اور اداروں کے افسران موجود تھے کھلی کچہری میں ضلع کچھی کی مختلف تحصیلوں ڈھاڈر مچھ سنی بھاگ بالاناڑی کھٹن سے تعلق رکھنے والے سیاسی سماجی قبائلی رہنماؤں کے علاوہ زمینداروں صحافیوں اور نوجوانوں نے فرداً فرداً علاقے کو درپیش مسائل و معاملات جن میں صحت تعلیم گیس بجلی پانی اور بلخصوص امن وامان کی صورتحال کو کھل کر بیان کیا اور ان کے حل کے لیے مثبت تجاویز بھی پیش کیں جس کو ڈپٹی کمشنر اور سرکاری افسران نے غور سے سنا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر قاضی پرویز احمد اسسٹنٹ کمشنر بھاگ نوید بلوچ اور ڈی ایس پی عبدالحمید تحسیم بھی ان کے ہمراہ موجود تھے متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں اور اداروں سے متعلق اٹھائے گئے سوالات کے جوابات دیے اس دوران ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب لانگو نے کہا کہ کچہری میں موجود شرکاء نے جن بنیادی اور اہم مسائل کی نشاندھی کی ہے وہ انتہائی اہم اور سنجیدہ نوعیت کے حامل ہیں دراصل وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ضلع کچھی میں کھلی کچہری کا مقصد بھی یہی ہے کہ عوام اور سرکاری اداروں کے مابین رابطوں اور اعتماد کی فضا پیدا کر کے معاشرے میں موجود مسائل کو سلجھانے میں آسانی ہو اور یہ عمل تسلسل کے ساتھ آگے لے کر چلیں گے

# یونیورسٹی آف تربت نوجوانوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، ڈی سی کیچ

ضلعی انتظامیہ یونیورسٹی کی ہر ممکن مدد اور طلبہ کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کرے گی، اسماعیل ابراہیم

**طلبہ اور اساتذہ نے ڈی سی کے دورے کو مثبت قرار دیا، امید ظاہر کی کہ ان اقدامات سے تعلیمی معیار کو فروغ ملے گا**

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم نے یونیورسٹی آف تربت کا دورہ کیا جہاں پر ڈپٹی کمشنر نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر کو یونیورسٹی کے تعلیمی معیار، جدید سہولیات، اور طلبہ کے لیے مہیا کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور وہاں کی تعلیمی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر گل حسن نے ڈپٹی کمشنر کو یونیورسٹی کی ترقی، درپیش چیلنجز، اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ یونیورسٹی آف تربت علاقے کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور اس کے لیے حکومتی تعاون نہایت ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم نے یونیورسٹی کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی علاقے کی ترقی کی بنیاد ہے اور یونیورسٹی آف تربت علاقے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ یونیورسٹی کی ہر ممکن مدد کرے گی اور طلبہ کو مزید سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ یونیورسٹی کے طلبہ اور اساتذہ نے ڈپٹی کمشنر کے دورے کو مثبت قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ ان کے اقدامات سے تعلیمی معیار کو مزید فروغ ملے گا۔

# لورالائی میں محنتی اساتذہ کی بھرتیوں کا عمل شفاف رکھا جائیگا، سعادت حسن

ایس بی کے و کنٹریکٹ ٹیچرز کی تعیناتی کے حوالے سے فوری اقدامات اولین ترجیح ہے، کمشنر لورالائی

**لورالائی میں اساتذہ کی کمی دور ہوگی تو جلد بند سکول کھل جائیں گے، بھرتیوں کا عمل شفاف رکھا جائے**

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن کی زیر صدارت سی آر سی کا تعارفی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کلیم شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دکی ڈاکٹر محمد سلیم زرکون ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لورالائی بہادر شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان محمد نوید، و دیگر متعلقہ آفسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایس بی کے و کنٹریکٹ ٹیچرز کی تعیناتی کے حوالے سے غور کیا گیا۔ کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے اس موقع پر کہا کہ تعلیم انتہائی اہم شعبہ ہے جس میں قابل اور محنتی اساتذہ کی تعیناتی نہایت ضروری ہیں ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتی سے محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی کمی دور ہوگی اور بند سکول کھل جائیں گے انہوں نے کہا کہ کسی امیدوار کے ساتھ بھی ناانصافی نہ ہونے دیں گے جس کا اعتراض ہو وہ اپنی ثبوت 17 جنوری تک ایڈیشنل کمشنر لورالائی کے آفس میں جمع کرائیں ان کو سنا جائے گا اور جو بھی ان کے ساتھ ناانصافی ہوا ہو اس کا ازالہ کیا جائے گا کمشنر نے تمام ضلعی ایجوکیشن آفیسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ کسی بھی سفارش کو قبول نہ کریں بلکہ قانون اور پالیسی کے مطابق کام کریں تا کہ شفاف طریقے سے بھرتیوں کا عمل مکمل کیا جا سکے، کسی امیدوار کے ساتھ بھی ناانصافی نہ ہونے دیں گے جس کا اعتراض ہو وہ اپنی ثبوت 17 جنوری تک ایڈیشنل کمشنر لورالائی کے آفس میں جمع کرائیں ان کو سنا جائے گا اور جو بھی ان کے ساتھ ناانصافی ہوا ہو اس کا ازالہ کیا جائے گا، کمشنر نے تمام ضلعی ایجوکیشن آفیسران کو بھی ہدایت کی کہ وہ کسی بھی سفارش کو قبول نہ کریں بلکہ قانون اور پالیسی کے مطابق کام کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 JAN 2025 Page No. 7

# ایران کا بلوچستان میں نیا دارالحکومت بنانے کا اعلان

تہران کو توڑ کر نیا دارالحکومت مکران کے ساحل پر ہوگا، صحیح مقام کی نشاندہی نہیں کی گئی، تہران میں آبادی بڑھ جانے کی وجہ سے بے شمار مسائل کا سامنا ہے، ٹریفک کا اژدھام اور بجلی کی کمی شامل ہیں

نیا دارالحکومت ملک کے جنوب میں تعمیر کیا جائے گا، ماضی میں ایران کی ساحلی پٹی بلوچستان کا حصہ رہی ہے، نئے دارالحکومت کی منتقلی سیاسی و تزویراتی اہمیت کا حامل ہے، ذرائع

تہران (انتخاب نیوز) ایران نے تہران کو توڑ کر ایک نیا کیپٹل سٹی بنانے کا اعلان کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ نیا دارالحکومت مکران کے ساحل پر شہر ہوگا تاہم صحیح مقام کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے، بیان میں کہا گیا ہے کہ تہران میں آبادی کے بڑھ جانے کی وجہ سے بے شمار مسائل کا سامنا ہے جس میں ٹریفک کا اژدام اور بجلی کی کمی شامل ہیں، نیا دارالحکومت ملک کے جنوب میں ساحل مکران پر تعمیر کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ماضی میں ایران کی ساحلی پٹی بلوچستان کا حصہ رہا ہے نئے دارالحکومت کی منتقلی سیاسی و تزویراتی اہمیت کا حامل ہے۔ واضح رہے کہ نیا دارالحکومت ساحل مکران کے شہر پر ہوگا تاہم صحیح مقام کا نہیں بتایا گیا۔

## گڈانی کے سمندر میں غیر قانونی شکار میں مصروف لانچ پکڑی گئی

محکمہ فشریز نے کراچی کی لانچ کو تحویل میں لے کر ناخدا اور ڈرائیور کو حراست میں لے لیا

گڈانی (نامہ نگار) گڈانی کے سمندر میں محکمہ فشریز کی کاروائی 8 ناٹیکل میل میں غیر قانونی طور پر شکار میں مصروف کراچی کی لانچ ال ذین نمبر B21034 کو تحویل میں لیکر ناخدا نیک زمان خان اور ڈرائیور علی مراد کو حراست میں لے لیا اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز پیٹرولنگ نورالدین خراسانی کی ٹیم میں شامل فشریز افسران ڈاکٹر عمران محمد علی نذیر احمد اور فاروق نے گڈانی کے سمندر میں جمعرات کے روز کاروائی غیر قانونی شکار میں ملوث گجہ وائر نیٹ جال استعمال کرنے والی لانچ کو پکڑ لیا مچھلی جال ودیگر سامان ضبط کرلیا ناخدا نیک زمان خان سمیت ڈرائیور علی مراد کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے اس حوالے سے اسسٹنٹ

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

ڈائریکٹر نورالدین خرسانی کے مطابق پارلیمانی سیکریٹری فشریز بلوچستان حاجی برکت علی رند، سیکریٹری فشریز بلوچستان جاوید انور شاہوانی۔ ڈی جی فشریز عمران ابراہیم بنگلزئی۔ ڈائریکٹر فشریز لسبیلہ وحب سید ظہور شاہ کی خصوصی ہدایت پر کاروائی کی گئی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 10 JAN 2025

Page No. 8


## جے یو آئی نے صوبوں میں مدارس کی رجسٹریشن کیلئے بل کا مسودہ تیار کرلیا

ایکٹ صوبہ سوسائٹی رجسٹریشن ترمیمی ایکٹ 2025ء کہلائے گا، پہلے سے رجسٹرڈ نہ ہونیوالے مدارس کی 6 ماہ میں رجسٹریشن ہوسکے گی

کوئی مدرسہ فرقہ واریت یا مذہبی منافرت نہیں پھیلائے گا، اپنی آڈٹ رپورٹ کی نقل رجسٹرار کو جمع کرائیں گے، تیار کیے گئے بل کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاق کے بعد جے یو آئی نے صوبوں میں مدارس کی رجسٹریشن کیلئے بل کا مسودہ تیار کرلیا، بل کے متن کے مطابق ایکٹ صوبہ سوسائٹی رجسٹریشن ترمیمی ایکٹ 2025ء کہلائے گا، مدارس پہلے سے رجسٹرڈ نہیں تو 6 ماہ کے اندر رجسٹریشن ہوسکے گی، پہلے سے وفاق میں رجسٹرڈ مدارس کو صوبے میں رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہوگی، غیر رجسٹرڈ مدارس خود کو وزارت تعلیم کے ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹوریٹ کے ساتھ رجسٹر کرا سکتے ہیں، ایک سے زیادہ کیمپس کے حامل دینی مدرسے کی ایک ہی رجسٹریشن ہوگی، بل میں کہا گیا دینی مدرسہ آڈٹ رپورٹ جمع کرائے گا، مدارس اپنی آڈٹ رپورٹ کی ایک نقل رجسٹرار کو جمع کرائیں گے، کوئی بھی دینی مدرسہ ایسا لٹریچر نہیں پڑھائے گا جو عسکریت پسندی کو فروغ دیتا ہو، کوئی مدرسہ فرقہ واریت یا مذہبی منافرت نہیں پھیلائے گا۔

## تعلیمی اداروں میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی آمرانہ فیصلہ ہے، مولانا ہدایت الرحمان

آئی جے ٹی دور جدید کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے طلبہ کو تعلیم سے لیس کریں، امیر جماعت اسلامی

جمہوریت، خدمت اور سیاست میں دیانت داری واخلاص ضروری ہے، آئی جے ٹی تربیتی کیمپ سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تعلیمی اداروں میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ آمرانہ فیصلہ ہے تعلیمی اداروں میں سیاست تو پڑھائی جاتی ہے لیکن ان پر پابندی کیسے لگایا جاسکتا ہے تعلیمی اداروں کے ماحول کو خراب کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے تعلیمی اداروں میں مثبت سرگرمیاں جاری رکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی ضرورت......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ہے اسلامی جمعیت طلباء دور جدید کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے طلباء اور نوجوانوں کو تعلیم سے لیس کرکے تیار رکھیں تعلیم ہمارا ہتھیار ہونا چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامی جمعیت طلباء کے تین روزہ تربیتی کیمپ سے دور جدید کے چیلنجز اور ہمارا رویہ کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ایک طرف کو سیاسیات پڑھائی جاتی ہے دوسری طرف سیاست کرنے پر پابندی کسی صورت ٹھیک نہیں جماعت اسلامی اس فیصلے کی مذمت اور مخالفت کرتی ہے اسلامی جمعیت طلباء کی تعلیمی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں جدید چیلنجز کا ہم اسی وقت مقابلہ کرسکتے ہیں جب ہم ہمارے بچے جوان عصری ودینی پر خصوصی توجہ دیں وقت ضائع نہ کریں

## بلوچستان میں 7 دہائیوں سے ظلم وجبر کا سلسلہ جاری ہے، نیشنل پارٹی

عوام میں بے چینی اور وفاق سے دوری کا رجحان روز بروز بڑھتا جارہا ہے، اسلم بلوچ

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ کی زیر صدارت ضلع کونسل خضدار کا اجلاس بزنجو ہاؤس خضدار میں منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسلم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں ستر سالوں سے ظلم جبر ناانصافی کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے بے چینی خلفشار اور وفاق سے دوری کا رجحان روز بروز بڑھتا......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

جارہا ہے مگر مقتدرہ مائنڈ سیٹ تبدیل کرنے کی بجائے آپریشنز کا راستہ اختیار کررکھا ہے، بلوچستان کو جعلی مینڈیٹ کے تحت مکمل طور پر جنگی منافع خوروں کے حوالے کردیا گیا جو نہ صرف دونوں ہاتھوں سے بلوچستان کو لوٹ رہے ہیں بلکہ اقربا پروری رشوت خوری وبھتہ خوری کی بدولت ہزاروں نوجوانوں کو بیروزگار اور لاکھوں خاندانوں کو نان شبینہ کا محتاج بنا رکھے ہیں جس کے باعث بلوچ نوجوان پارلیمنٹ اور پارلیمانی سیاست سے نفرت کرنے لگے ہیں، اب قومی وحدتوں کو خود مختار بنانے، اٹھارہویں ترمیم پر عملدرآمد کرنے یا 1973 کے آہین کی پابندی جیسے نعروں کو بھی بلوچستان کا نوجوان بلوچستان کے درد کا مداوا تصور نہیں کررہا جس کی تمام تر ذمہ داری مقتدر قوتوں، جنگی منافع خوروں اور غیر جمہوری قوتوں پر عائد ہوتا ہے جو روز اول سے بلوچستان کو طاقت کے ذریعے زیر کرنے کے درپے ہیں

## محکمہ داخلہ کو اختیار حاصل نہیں کہ وہ آئین کے منافی حکم نامہ جاری کرے، بی این پی

بلوچستان میں طلباء تنظیموں پر بین لگانے کی مخالفت سپریم کورٹ کی جانب سے بھی کی گئی ہے، غلام نبی مری

حکومت کا یہ غیر آئینی اقدام کسی بھی صورت قومی سیاست کے مستقبل کیلئے درست نہیں، جاوید ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر کوئٹہ غلام نبی مری اور ضلعی انفارمیشن سیکرٹری نسیم جاوید ہزارہ نے اپنے ایک بیان میں محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی اداروں میں سیاسی سرگرمیوں اور طلباء تنظیموں کی سیاست پر پابندی لگانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ......... بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

ہے کہ یہ ناروا عمل ناقابل برداشت اور ماورائے آئین اقدام ہے کیونکہ آئین میں شق نمبر 8 سے لیکر 28 تک آزادی تحریر وتقریر، انجمن سازی، سیاسی پارٹیوں کی تشکیل، سیاسی پروگراموں کے انعقاد اور انسانی حقوق کو جو مراعات دی گئی ہے بلوچستان حکومت کا یہ اقدام ان آئینی شقوں کے سراسر منافی ہے محکمہ داخلہ کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ آئین کے منافی حکم نامہ صادر کرے جبکہ بلوچستان میں طلباء تنظیموں پر بین لگانے کی مخالفت سپریم کورٹ کی جانب سے بھی کی گئی ہے جو کہ ریکارڈ پر موجود ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 10 JAN 2025 Page No. 9


## حکمران کھربوں روپے کے قرضے پشتونخوا وطن کی دولت سے ادا کرنا چاہتے ہیں، خوشحال کاکڑ

پشتونخوا وطن کے دریاؤں، جنگلات، بیش قیمت معدنیات اور تمام دولت کا مالک پشتون افغان ملت ہے، چیئرمین پشتونخوانیپ

پشتون افغان ملت آج بھی بدترین صورتحال سے دوچار بحیثیت قوم تمام بنیادی انسانی حقوق اور قومی واک و اختیار سے یکسر محروم ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے اہتمام پر پشتون قومی سیاسی تحریک کے مبارز رہنماء عبدالرزاق خان دوتانی کی 37 ویں برسی نہایت عقیدت اور احترام کے ساتھ منائی گئی اس سلسلے میں کوئٹہ تختانی بائی پاس شہید عثمان خان کاکڑ چوک پر پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کی زیر صدارت جلسہ عام کا انعقاد ہوا جس میں پارٹی کے کارکنوں اور علاقے کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی جلسہ عام .........

بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

سے پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، پارٹی سیکرٹری سید عبدالقادر آغا، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے خطاب کیا، سٹیج سیکرٹری کے فرائض صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ندا سنگر اور حمد اللہ شہزاد نے سرانجام دیے جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت سید عبدالستار شاہ آغا نے حاصل کی جلسے میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکریٹری مالیات یوسف خان کاکڑ، صوبائی سیکریٹری فقیر خوشحال کاسی سمیت پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹیوز کے اراکین نے بھی شرکت کی پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے عبدالرزاق خان دوتانی کو قومی سیاسی تحریک میں پُر افتخار تاریخی رول ادا کرنے اور اُن کے قومی، وطنی خدمات اور ناقابل فراموش قربانیوں پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم قومی رہنماء ہماری قومی تحریک کے ایسے مرحلے کے قومی رہبر تھے جب قومی تحریک بدترین انتشار کا شکار تھی اور پشتون افغان ملت کو جہالت، پسماندگی اور تباہ حالی کی بدترین صورتحال کا سامنا تھا مرحوم رہنماء نے اُس وقت کے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اور اُس کی ذیلی تنظیم پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کو سائنسی اور نظریاتی بنیادوں پر منظم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا آج کی قومی تحریک کی تنظیمی ساخت اُن کی قربانیوں اور محنت کا ثمر ہے

## عوام مذہبی مداریوں کے خوشنما نعروں سے دھوکہ نہ کھائیں، جمعیت نظریاتی

نام نہاد مذہبی جماعت کے رہنماؤں نے بددیانتی و مفاد پرستی کے ذریعے سیاست کو بدنام اور صرف مفادات تک محدود رہے، مولانا عبدالقادر لونی

علاقے کی بہتری و مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کریں گے، علی مددجتک کی جمعیت نظریاتی آفس آمد انتخابات میں ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و نومنتخب ایم پی اے حاجی علی مددجتک کی جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلعی آفس آمد الیکشن میں حمایت کرنے پر شکریہ ادا کیا اس موقع پر جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مولانا قاری مہر اللہ سید عبد الستار چشتی قاری عبیداللہ حقانی حاجی حیات اللہ کاکڑ حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا خدائے نظر حاجی نادر خان .........

بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر

اچکزئی حاجی محمد نور اخوندزدہ مولانا محمد ابراہیم حاجی نیاز اللہ حاجی عبدالمجید مولانا شراف الدین مولانا عزیز اللہ ذاکری حاجی لعل محمد جتک حاجی قدیر احمد بلوچ چوہدری شان سلامت یوسف بنگلزئی ببرگ جتک تنویر جتک لکری حمید بنگلزئی اکرم محمد شیہی ودیگر بھی موجود تھے جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی پاکستان پیپلز پارٹی چشتی قاری عبیداللہ حقانی حاجی حیات اللہ کاکڑ حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا خدائے نظر مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ عوام کی کامیابی پورے علاقے کی کامیابی ہے

## بارڈر پر تجارت کی بندش پشتونوں کیخلاف سوچی سمجھی سازش کا حصہ ہے، نواب ایاز جوگیزئی

بارڈرز کے حوالے سے سینٹ کمیٹی کے اعلان کردہ فیصلے پر عملدرآمد کیا جائے، چمن و قلعہ عبداللہ مشترکہ عوامی جرگے کا مطالبہ

حکمران بارڈرز پر آمد ورفت و تجارت کی بندش پر بضد رہے تو جرگہ و عوام کے پاس حقوق کے حصول کیلئے مزاحمت کے سوا کوئی راستہ نہیں بچتا، 7 نکاتی اعلامیہ

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کی دعوت پر کوئٹہ ڈویژن کے ضلع چمن اور ضلع قلعہ عبداللہ خان کا مشترکہ دو روزہ عوامی جرگہ زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی منعقد ہوا عوامی جرگہ نے سات نکاتی اعلامیہ جاری کیا جس کے مطابق 1۔ کوئٹہ ڈویژن ضلع چمن و ضلع قلعہ عبداللہ خان کا یہ مشترکہ عوامی جرگہ بنوں قومی جرگہ منعقدہ 11 تا .........

بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

14 مارچ 2022ء کے تمام فیصلوں کی توثیق اور انہیں عملی شکل دینے کیلئے تمام ضروری اقدامات اُٹھانے کا اعلان کرتا ہے۔ 2۔ کوئٹہ ڈویژن ضلع چمن و ضلع قلعہ عبداللہ خان کا یہ مشترکہ جرگہ 8 فروری 2024 کے فراڈ، بوگس نام نہاد انتخابات کو کلی طور پر مسترد کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں بننے والی نام نہاد غیر آئینی، غیر قانونی، زر اور زور کے فارم 47 کی نیلامی کے نتیجے میں لائی گئی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 10 JAN 2025 Page No. 11

# صوبائی دارالحکومت میں اکثر قصاب دکانوں میں جانور ذبح کرنے لگے

متعلقہ حکام خاموش

## گوالمنڈی چوک، خدائیداد، کواری، جان محمد، عارف، میکانگی روڈ، نواں کلی بائی پاس اور دیگر علاقوں میں قصابوں کی من مانیاں، عوامی حلقوں کی جانب سے کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر اور ملحقہ علاقوں میں بغیر معائنہ بیمار اور مضر صحت جانوروں کو سلاٹر ہاؤس کی بجائے دکانوں میں ذبح کیا جا رہا ہے جس کے استعمال سے لوگ مختلف امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں فریزر میں رکھے باسی گوشت کو بھی کھلے عام فروخت کیا جا رہا ہے تفصیلات کے مطابق گوالمنڈی چوک، خدائیداد روڈ، کواری روڈ، جان محمد روڈ، عارف روڈ، میکانگی روڈ، نواکلی بائی پاس، عالمو چوک، سریاب روڈ، مشرقی و مغربی بائی پاس سمیت دیگر علاقوں میں قصابوں نے ضلعی انتظامیہ، میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے احکامات ہوا میں اڑانے کے ساتھ ساتھ لاغر بیمار نیم مردہ مادہ جانوروں کو دکانوں کے اندر یا ملحقہ نالیوں کے اوپر ذبح کرنا شروع کر دیا ہے جس پر محکمہ لائیو اسٹاک کے ویٹرنری ڈاکٹروں کی کارکردگی بھی سوالیہ نشان ہے بااثر قصاب علی الصبح جانوروں گائے، بچھڑے اور حتی کہ اونٹوں کو دکانوں کے باہر باندھ دیتے ہیں جو سڑک پر فضلہ اور گندگی کرتے ہیں جس سے آنے جانے والوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کے بعد قصاب جانور ذبح کر کے دکانوں کے باہر لٹکا دیتے ہیں جس پر مکھیاں مچھر اور دیگر حشرات بھنبھناتے نظر آتے ہیں جراثیم زدہ گوشت استعمال کرنے سے موذی امراض پھیل رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ نے جانوروں کے دکانوں میں ذبح کرنے پر پابندی اور قصابوں کو دکانوں کے باہر جالیاں اور شیشے لگانے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں مگر اکثر قصاب ان احکامات پر عملدرآمد کر رہے ہیں اور نہ ہی ذبح کیے گئے گوشت کو ویٹرنری ڈاکٹرز سے چیک کروایا جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ قصابوں کی جانب سے چھوٹے و بڑے گوشت کیلئے کسی پائے کے من مانے نرخ وصول کیے جا رہے ہیں اور سرکاری نرخنامے پر عمل نہیں کیا جا رہا۔ شہریوں نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن و ایڈمنسٹریٹر حمزہ شفقات اور ڈی جی بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

# دکانوں کے آگے گاڑیوں کی مرمت، ڈبل روڈ عملاً گیراج میں تبدیل

## راستہ تنگ ہونے کے باعث ٹریفک رینگنے پر مجبور، ایمرجنسی ٹریفک کو زیادہ مشکلات، قانون کی رٹ نہ ہونے کے برابر، نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

کوئٹہ (رپورٹ: حماداللہ سیاپادرند) دکانوں کے آگے گاڑیوں کی مرمت، ڈبل روڈ عملاً گیراج میں تبدیل، راستہ تنگ ہونے کے باعث ٹریفک رینگنے پر مجبور، ایمرجنسی ٹریفک کو زیادہ مشکلات کا سامنا، قانون کی رٹ نہ ہونے کے برابر، عوامی حلقوں کا صورتحال کا نوٹس لینے کا مطالبہ، رپورٹ کے مطابق صوبائی دارالحکومت کی معروف سڑک ڈبل روڈ کو اب روڈ کی بجائے گیراج کہا جائے تو زیادہ مناسب ہوگا کیونکہ یہاں سریاب پھاٹک سے نادرا آفس تک سڑک کی دونوں جانب دکانوں کے آگے سارا دن گاڑیوں کی مرمت کا کام کیا جاتا ہے یہاں زیادہ تر ونڈ سکرین، سائیڈ شیشوں، وائپرز، کالے شیشوں، بیٹریوں، لائٹوں، ریڈی ایٹرز، آئل فلٹرنگ، ٹائر تبدیلی، رموں اور دیگر پرزہ جات کا کام ہوتا ہے اس طرح یہاں گاڑیوں کا اتنا رش ہوتا ہے کہ سنگل کی بجائے ڈبل اور کبھی تو تین تین گاڑیاں بھی ایک دوسرے کے پیچھے کھڑی رہتی ہیں جس سے اس وسیع سڑک کی چوڑائی اتنی محدود ہو جاتی ہے کہ بڑی گاڑیاں بطور خاص لوکل بسیں تو درکنار چھوٹی گاڑیاں بھی نہیں گزر سکتی ہیں زیادہ تر پریشانی اس وقت ہوتی ہے جب یہاں سے کوئی ایمبولینس یا فائر بریگیڈ کی گاڑی کو گزرنا ہو راستہ تنگ ہونے کے سبب گاڑیاں رینگنے پر مجبور ہوتی ہیں یہاں قانون کی رٹ نہ ہونے کے برابر ہے قانون یہ ہے کہ سڑک گاڑیوں کی گزرگاہ ہوتی ہے نہ کہ مرمت گاہ، مگر یہاں مجال ہے کہ کوئی اس کا لحاظ رکھے یوں تو پھاٹک پر ٹریفک پولیس موجود تو ہوتی ہے مگر اس اہم مسئلے سے بالکل بے نیاز رہتی ہے ہاں البتہ کوئی چنچی یا سوزکی سامان لے کر جا رہی ہو تو اس کی خیر نہیں عوامی حلقوں نے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اگر گیراج ہے تو گاڑیوں کے گزرنے اور اگر روڈ ہے تو گاڑیوں کی یہاں پارکنگ اور مرمت کے کام پر پابندی لگائی جائے یا ان دکانوں کو یہاں سے کسی کھلے علاقے میں منتقل کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

# ڈیڑھ سال گزر گیا گرین بس منصوبے کا دوسرا مرحلہ شروع نہ ہو سکا

## اب تک صرف ایک روٹ پر چلنے والی بسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جا سکا اور نہ کسی دوسرے روٹ پر بسیں چلائی جا سکیں

## ایک ہی روٹ پر صرف 8 بسیں چلائی جا رہی ہیں جس کی وجہ سے رش کافی بڑھ گیا ہے اور مسافروں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات درپیش ہیں

کوئٹہ (یحییٰ ریکی) سابق و موجودہ حکمرانوں کے اعلانات پر اعلانات مگر عملی اقدامات نہیں اٹھائے جا سکے، ڈیڑھ سال گزرنے کے بعد بھی گرین بس منصوبے کا دوسرا مرحلہ شروع نہ ہو سکا، اب تک صرف ایک روٹ پر چلنے والے بسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جا سکا اور نہ کسی دوسرے روٹ پر بسیں چلائی جا سکیں۔ ایک ہی روٹ پر صرف 8 بسیں چلائی جا رہی ہیں جس کی وجہ سے رش کافی بڑھ گیا ہے اور مسافروں کو آمد و رفت میں

بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

شدید مشکلات درپیش ہیں۔ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت 17 جولائی 2023ء کو گرین بس سروس کا آغاز کیا گیا، منصوبے کے تحت شہر کے ایک روٹ پر صرف 8 بسیں چلائی جا رہی ہیں، پہلے مرحلے میں گرین بس 18 کلومیٹر طویل روٹ پر سریاب روڈ بلوچستان یونیورسٹی سے بلیلی تک چلائی جا رہی ہے۔ اس روٹ پر لوگوں کا بہت

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: مشرق

Bullet No. 6

Dated: 10 JAN 2025

Page No. 12

## حکومت بلوچستان شعبہ صحت میں اصلاحات کیلئے پرعزم!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر وائس مارشل (ر) آفتاب حسین سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان شعبہ صحت میں اصلاحات لارہی ہے۔ بلوچستان میں صحت کے نظام کو بہتر بنایا جارہا ہے اس مقصد کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنے جارہے ہیں۔ جس سے عام بلوچستانی کو اس کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ مفاد عامہ کے امور میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ ملاقات کے دوران سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر وائس مارشل (ر) آفتاب حسین نے بلوچستان میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سنجیدگی اور پختہ عزم کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ سندس فاؤنڈیشن بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں اپنی خدمات بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ وزیراعلیٰ نے سندس فاؤنڈیشن کی خدمات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس فاؤنڈیشن نے خون کی بیماریوں کے علاج میں قابل ذکر کام کیا ہے۔ انہوں نے کوئٹہ میں سندس فاؤنڈیشن کا مرکز قائم ہونے کے حوالے سے ہر ممکن یقین دہانی کرائی۔

حکومت بلوچستان کا شعبہ صحت میں اصلاحات کیلئے پرعزم ہونے سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان کا مذکورہ بیان شعبے کی اصلاحات کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ کیونکہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ وزیراعلیٰ صوبے میں صحت کے شعبے کو بہتر کرنے کے لیے کوشاں ہیں اور اس سلسلے میں احسن اقدامات بھی کئے جارہے ہیں۔ اب ان کی سندس فاؤنڈیشن کی جانب سے کوئٹہ میں اس کے مرکز کے قیام کے حوالے سے جو یقین دہانی کرائی ہے وہ بھی اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ صوبے میں عام آدمی کو معیاری طبی سہولیات اس کی دہلیز پر فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے اپنی مذکورہ بات چیت میں بلوچستان میں سندس فاؤنڈیشن کی صحت کے حوالے سے جذبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اسے مزید وسعت دینے کی بات کی ہے اس سے عوام کو طبی سہولتوں کی فراہمی ممکن ہوسکے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated 10 JAN 2025 Page No. 13

# Scourge of highway closure

The recent announcement by the Jamiat Ulema Islam of a wheel jam strike across Balochistan to protest alleged rigging in by-elections on Quetta PB-45 highlights a recurring and deeply concerning issue: the frequent closure of highways by political parties, religious groups, and civil society organizations. While the right to protest is fundamental, the indiscriminate closure of vital transportation routes inflicts immense hardship on the general public, severely impacting the province's economy and social fabric.

The closure of highways has become a disturbingly common tactic employed by various groups to register their grievances, from political protests to the desperate pleas of families of missing persons. The plight of families seeking justice for their missing loved ones is undoubtedly tragic and demands urgent attention. However, resorting to highway closures as a means of protest inflicts collective punishment on innocent citizens, including those who may sympathize with their cause.

The impact of these closures is far-reaching. Passengers are stranded, businesses suffer losses due to disrupted supply chains, and the movement of essential goods and services is severely hampered. Moreover, these closures create a climate of uncertainty and fear, discouraging investment and hindering the province's economic development. In cold weather, closure of Quetta – Karachi highway for hours pose a serious threat to passengers travelling through buses and vegans.

Undoubtedly, the government bears a significant responsibility in addressing this issue. It must firmly and unequivocally condemn all instances of highway closures, regardless of the cause. Robust legal frameworks must be in place to deter such actions and ensure swift and appropriate consequences for those who violate these laws.

Furthermore, the government must proactively engage with concerned groups to find peaceful and constructive solutions to their grievances. In the case of families of missing persons, the government has a moral and legal obligation to conduct thorough investigations and provide timely and transparent updates on the status of missing individuals.

The presence of numerous security checkpoints along Balochistan's highways also contributes to traffic congestion and delays. While security concerns are understandable, the government must strive to minimize the impact of these checkpoints on the free flow of traffic.

The frequent closure of highways in Balochistan is a serious impediment to the province's progress and a grave injustice to its citizens. The government must take decisive action to prevent these closures, uphold the rule of law, and address the underlying grievances that fuel such protests. Only then can Balochistan truly thrive and its people enjoy the freedoms and prosperity they deserve.

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 10 JAN 2025 Page No. 13

# بلوچستان کے آثار قدیمہ: خطے کے امیر ثقافتی ورثے کی نقاب کشائی

بلوچستان، جنوب مغربی پاکستان کا ایک صوبہ، متنوع آثار قدیمہ کے مقامات کا گڑھ ہے جو خطے کے امیر ثقافتی ورثے کے بارے میں قیمتی بصیرت فراہم کرتا ہے۔

نو آبادیاتی دور میں برٹش ماہرین آثار قدیمہ نے 1900–1901ء کے دوران بلوچستان کی قدیم تاریخ اور ثقافت کو سمجھنے کے لیئے مہر گڑھ، کوئٹہ، قلات، مکران اور سنداڑی سمیت بلوچستان کے

تحقیق ورپورٹ: یونس گنگو، خضدار

مختلف مقامات پر کھدائی اور تحقیق کی تھی جبکہ برٹش میوزیم کی ٹیم نے بھی 1920–1930ء کے دوران کئی مقامات کی کھدائی کی۔ آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا (ASI) نے 1920ء میں بلوچستان کی قدیم تاریخ اور ثقافت پر ایک رپورٹ شائع کی تھی جس میں آثار قدیمہ کے کئی تاریخی مقامات سے متعلق آگہی دی گئی تھی جو آج بھی آثار قدیمہ پر تحقیق میں مددگار ہے۔

اس رپورٹ کا مقصد بلوچستان کے آثار قدیمہ کو تلاش کرنا ہے، تاکہ خطے کے آثار قدیمہ کے مقامات کی اہمیت اور ان مقامات پر کی گئی حالیہ دریافتوں پر روشنی ڈالی جا سکے۔

*مہر گڑھ:*

وادی بولان میں واقع مہر گڑھ بلوچستان کے اہم ترین آثار قدیمہ میں سے ایک ہے۔ (3 ہزار سے ہزار قبل مسیح) سے تعلق رکھنے والا مہر گڑھ جنوبی ایشیا میں قدیم ترین کھیتی باڑی، گلہ بانی اور مٹی کے برتنوں کا ثبوت فراہم کرتا ہے اس سائٹ میں مٹی کی اینٹوں کے مکانات، غلہ جات اور ورکشاپس کی ایک سیریز ہے، جو قدیم باشندوں کی جدید کاریگری اور سماجی تنظیم کی نمائش کرتی ہے۔

*وادی کوئٹہ:*

آثار قدیمہ کی اہمیت کا حامل خطہ

وادی کوئٹہ، جو بلوچستان کے شمال مشرقی حصے میں واقع ہے، قدیم شہر کاریز سمیت متعدد آثار قدیمہ کے مقامات کا گڑھ ہے۔ دوسری صدی قبل مسیح سے تعلق رکھنے والے، کاریز میں ایک جدید ترین آبپاشی کا نظام موجود ہے، جو قدیم باشندوں کی جدید انجینئرنگ کی مہارتوں کو اجاگر کرتا ہے۔ وادی کوئٹہ کے دیگر قابل ذکر مقامات میں قدیم شہر دکی اور اسپن تنگی کا آثار قدیمہ شامل ہیں۔

* گنیش ہلز:*

قدیم چٹان کے نقش ونگار کا ایک مقام

ضلع لسبیلہ میں واقع گنیش پہاڑیوں میں قدیم چٹانوں کے نقش ونگار اور نوشتہ جات ہیں، جن میں مشہور "گنیش امیج" بھی شامل ہے جو چھٹی صدی عیسوی کی ہے۔ یہ سائٹ علاقے کے امیر ثقافتی ورثے کے بارے میں قیمتی بصیرت فراہم کرتی ہے، جو اس علاقے میں ہندو مت اور بدھ مت کے اثر کو اجاگر کرتی ہے۔

*لسبیلہ: آثار قدیمہ کی دولت کا ایک خطہ*

لسبیلہ، جنوبی بلوچستان کا ایک ضلع، قدیم شہر بیلہ سمیت متعدد آثار قدیمہ کا گھر ہے۔ پہلی صدی قبل مسیح سے تعلق رکھنے والے، بیلہ ایک جدید ترین آبپاشی کا نظام اور ایک پیچیدہ سماجی ڈھانچہ پیش کرتا ہے، جو قدیم باشندوں کی جدید انجینئرنگ کی مہارتوں اور سماجی تنظیم کو نمایاں کرتا ہے۔

*حالیہ دریافتیں اور کھدائیاں*

ان مقامات پر حالیہ دریافتوں اور کھدائیوں نے خطے کی ثقافتی، سماجی اور اقتصادی تاریخ پر نئی روشنی ڈالی ہے۔ ماہرین آثار قدیمہ نے قدیم تجارتی نیٹ ورکس، جدید ترین آبپاشی کے نظام، اور جدید کاریگری کے ثبوت دریافت کیے ہیں۔ حالیہ نتائج میں سے کچھ میں شامل ہیں:

مہر گڑھ میں 4 ہزار سال پرانے غلہ کی دریافت، جو قدیم زرعی طریقوں کے بارے میں بصیرت فراہم کرتی ہے۔

گنیش پہاڑیوں پر قدیم راک آرٹ کی شناخت، جو چھٹی صدی عیسوی کی ہے۔

*نتیجہ*

بلوچستان کے آثار قدیمہ خطے کے امیر ثقافتی ورثے کی ایک دلکش جھلک پیش کرتے ہیں۔ ان مقامات پر حالیہ دریافتوں اور کھدائیوں نے خطے کی ثقافتی، سماجی اور اقتصادی تاریخ کے بارے میں ہماری سمجھ میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ جیسا کہ ہم ان تاریخی مقامات کے بارے میں مزید دریافت کرتے اور سیکھتے رہتے ہیں، ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے اپنے ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے کی اہمیت کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

قدیم نوادرات کی غیر قانونی کھدائی اور اسمگلنگ کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں، نمونے کو ان کے اصل سیاق و سباق سے ہٹانا قیمتی ثقافتی اور تاریخی معلومات کے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ غیر قانونی کھدائی آثار قدیمہ کے مقامات کو نقصان پہنچا سکتی ہے یا تباہ کر سکتی ہے، جس سے تاریخی ریکارڈ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ نوادرات کیلئے غیر قانونی کھدائی اور اسمگلنگ حکومتوں، عجائب گھروں، جمع کرنے والوں اور عوام کے درمیان اعتماد کو ختم کر سکتی ہے، جس سے ثقافتی تفہیم اور تحفظ کو فروغ دینا مزید مشکل ہو جاتا ہے۔

ثقافتی ورثے کے تحفظ، بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے اور آثار قدیمہ کے مقامات کی سالمیت کے تحفظ کے لیے قدیم نوادرات کی غیر قانونی کھدائی اور اسمگلنگ کا مقابلہ کرنا ضروری ہے۔

*سفارشات*

اس تحقیقی رپورٹ کے نتائج کی بنیاد پر، درج ذیل سفارشات کی جاتی ہیں:

حکومت پاکستان بلوچستان میں آثار قدیمہ کے تحفظ کے لیے فوری اقدام کرے۔

یونیسکو جیسی بین الاقوامی تنظیموں کو ان مقامات کے تحفظ کے لیے مدد اور فنڈ فراہم کرنی چاہیے۔

مقامی کمیونٹیز کو تحفظ کی کوششوں میں شامل ہونا چاہیے، اور انہیں اپنے ثقافتی ورثے کی حفاظت کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کیا جانا چاہیے۔

خطے کی ثقافتی، سماجی اور اقتصادی تاریخ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ان مقامات پر مزید تحقیق اور کھدائی کی جانی چاہیے۔

CamScanner

# IT, AI & Digital Economyin Balochistan

The integration of IT, AI, and the digital economy including -marketing and e-commerce into Balochistan's socioeconom- : fabric is not merely a technological goal; it is a vital strate- y for empowerment, growth, and sustainability. By harness- ıg these technologies, Balochistan can transform its chal- enges into opportunities. The collaborative efforts of policy- nakers, educators, and entrepreneurs are essential in investing n the region's future, ensuring that Balochistan capitalizes on ts rich potential for the benefit of its people. The journey towards a digital economy is not just about modernization; it is about fostering a vibrant, equitable, and resilient community that values its rich past while boldly forging a prosperous future. By embracing IT, AI, and all facets of the digital economy, Balochistan can secure its rightful place in the global landscape. Balochistan, despite its potential, the region has often lagged in economic development and technological advancement. As we progress further into the 21st century, the significance of Information Technology (IT), Artificial Intelligence (AI), and the digital economy-particularly e-marketing and e-commerce-cannot be overstated. These elements can serve as catalysts for accelerated societal transformation, economic growth, and improved quality of life for the residents of Balochistan. Access to technology is the critical equalizer in modern society. Balochistan faces educational and employment challenges that can be addressed through the integration of IT. E-learning platforms can revolutionize education, allowing students from remote areas to access quality resources and connect with educators beyond geographical barriers. Equipping the youth of Balochistan with digital skills is vital for workforce development. By establishing tech hubs and training institutes focused on IT and digital marketing, young people can gain expertise in e-commerce, coding, and data analysis. This training will not only create job opportunities in local markets but also enable Balochistan to tap into the expanding global digital economy, particularly in outsourcing and online services.

The concept of a digital economy extends beyond traditional commerce. E-commerce and e-marketing can radically alter Balochistan's economic landscape. Increasing internet penetration provides a unique opportunity for local businesses to

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 10 JAN 2025 Page No. ______




صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ یونٹ (پی پی پی) کے 5ویں بورڈ میٹنگ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



صوبائی وزیر میر صادق عمرانی علاقے کے معتبرین سے بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 10 JAN 2025

Page No.



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کو سپیشل اکنامک زونز کے سلسلے میں تفصیلی بریفنگ دی جا رہی ہے

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سپیشل اکنامک زونز کے سلسلے میں تفصیلی بریفنگ دی جا رہی ہے

CamScanner